ککڑی اور تر کھجور

تحریر: شیخ مقبول احمد سلفی حفظہ اللہ

اسلامک دعوۃ سنٹر، مسرہ۔طائف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ککڑی اور تر کھجور

کھجور کے بے شمار فوائد ہیں اور اگر تر ہو تو فوائد مزید بڑھ جاتے ہیں۔ طب نبوی میں تر کھجور کے ساتھ ککڑی کا استعمال ملتا ہے۔ مسلم شریف کی حدیث میں ہے نبی ﷺ ککڑی اور تر کھجور ایک ساتھ تناول

فرمایا کرتے تھے۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ رأيتُ رسولَ اللهِ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ يأكل القِثَّاءَ بالرُّطَبِ (صحيح مسلم: 2043)

ترجمہ: سیدنا عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھجور کے ساتھ ککڑی کھاتے ہوئے دیکھا۔

ککڑی جو کھیرے کی شکل میں ہوتا ہے موجودہ طب میں بھی اس کے بڑے فوائد کا ذکر ہے۔ یہ وہی ککڑی ہے جس کا مطالبہ بنو اسرائیل نے موسی علیہ السلام کے ذریعہ اللہ تعالی سے کیا تھا۔

وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ (البقرة: 61)

ترجمہ: اور جب تم نے کہا اے موسی! ہم سے ایک ہی قسم کے کھانے پر ہرگز صبر نہ ہو سکے گا، اس لئے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہمیں زمین کی پیداوار ساگ، ککڑی، گیہوں، مسور اور پیاز دے۔ آپ نے فرمایا: بہتر چیز کے بدلے ادنی چیز کیوں طلب کرتے ہو۔

ککڑی کا تر کھجور کے ساتھ استعمال جو نبی ﷺ کا عمل تھا یقینا جسمانی اعتبار سے مقوی اور صحت بخش ہے جس کی صراحت ایک دوسری حدیث سے ہوتی ہے۔

كانَت أمِّي تعالِجُني للسُّمنةِ، تريدُ أن تُدخِلَني على رسولِ اللَّهِ صلَّى اللَّهُ علَيهِ وسلَّمَ: فما استقامَ لَها ذلِكَ، حتَّى أكَلتُ القثَّاءَ، بالرُّطبِ، فسَمِنتُ، كأحسَنِ سِمنةٍ۔ (صحيح ابن ماجه: 2701)

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب میری والدہ نے مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس رخصت کرنے کا ارادہ کیا تو میرے دبلے پن کا علاج کرنے لگیں مگر کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ تو پھر میں نے ترکھجوروں کے ساتھ ککڑی کھانا شروع کی تو میں معتدل جسم والی ہوگئی۔

گرمی کے موسم میں عام طور سے ککڑی پائی جاتی ہے ہمیں اس کا استعمال کرنا چاہئے، ساتھ ہی تر کھجور شامل کرلیں تاکہ منفعت بخش ہوجائے۔

****

نوٹ: اسے خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی شیئر کریں۔

مزید دینی مسائل، جدید موضوعات اور فقہی سوالات کی جانکاری کے لئے وزٹ کریں۔

Maqubool Ahmed

SheikhMaqubolAhmedFatawa.

00966531437827

Maquboolahmad.blogspot.com

islamiceducon@gmail.com

Online fatawa salafia Maqbool Ahmed salafi

3 November 2020